ملٹری لینڈز اینڈ کنٹونمنٹس ڈیپارٹمنٹ

کنٹونمنٹ بورڈ سیالکوٹ

نیلام عام حقوق وصولی اڈا فیس جنرل بس سٹینڈ

بذریعہ اشتہار ہذا ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کنٹونمنٹ بورڈ سیالکوٹ ٹھیکہ برائے حقوق وصولی اڈا فیس جنرل بس سٹینڈ برطابق شیڈول سیالکوٹ کنٹونمنٹ بورڈ برائے 01 سال یکم جولائی 2026ء تا 30 جون 2027ء مورخہ 08 جون 2026ء بوقت 2 بجے دفتر کنٹونمنٹ بورڈ درج ذیل شرائط پر نیلام کر رہا ہے۔

شرائط

1۔ ہر بولی دہندہ کو بولی دینے سے قبل زر بیعانہ مبلغ -/Rs:10,000,000 (ایک کروڑ) کی کال ڈیپازٹ بنام کنٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر سیالکوٹ کینٹ بمعہ کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کی فوٹی کاپی اور نمائندہ کی صورت میں اتھارٹی لیٹر بمعہ شناختی کارڈ جمع کروانا ہوگا۔ جو ماسوائے کامیاب بولی دہندہ اور دوسرے نمبر پر آنے والے بولی دہندہ کے بولی کے اختتام پر واپس کردی جائے گی۔ (نقد رقم قابل قبول نہ ہوگی)

2۔ کامیاب بولی دہندہ کو اپنی بولی کا 1/10th حصہ بطور سیکورٹی جس میں زر بیعانہ مبلغ ایک کروڑ ایڈجسٹ کرنے کے بعد بقایا رقم بولی کے بعد 03 دن کے اندر اندر دفتر ہذا میں جمع کروانا ہوگی۔ اور یہ 1/10th بطور سیکورٹی کنٹونمنٹ بورڈ سیالکوٹ کے پاس رہے گی جو کامیاب ٹھیکہ کے اختتام پر واپس کردی جائیگی۔ 1/10th حصہ کی بقایا رقم جمع نہ کروانے کی صورت میں زر بیعانہ بحق کنٹونمنٹ بورڈ ضبط کرلیا جائے گا۔

3۔ جنرل بس سٹینڈ سیالکوٹ کی بولی عرصہ ایک سال کے لیے ہوگی۔

4۔ کامیاب بولی دہندہ ٹھیکہ کی حتمی منظوری کے بعد بولی کی کل رقم 12 مساوی اقساط کی صورت میں ادا کرنے کا پابند ہوگا۔ جو کہ ہر ماہ کی 5 تاریخ تک دفتر ہذا میں لازمی جمع کروانا ہوگی اور 10 تاریخ تک جمع نہ کروانے کی صورت میں فی یومیہ 50 ہزار روپے جرمانہ عائد کرنے اور 10 تاریخ کے بعد عدم ادائیگی کی صورت میں ٹھیکہ منسوخ اور سیکورٹی ضبط کرنے کا اختیار کنٹونمنٹ بورڈ / ایگزیکٹو آفیسر سیالکوٹ کو حاصل ہوگا۔

5۔ کامیاب بولی دہندہ جنرل بس سٹینڈ فیس کنٹونمنٹ بورڈ کے مقررہ کردہ شیڈول کے مطابق وصول کرنے کا مجاز ہوگا شیڈول کی کاپی دفتر ہذا سے لی جاسکتی ہے۔ اور چارجنگ کی صورت میں کنٹونمنٹ بورڈ / ایگزیکٹو آفیسر سیالکوٹ کو جرمانہ کرنے یا ٹھیکہ مسترد کرنے کا اختیار حاصل ہوگا۔

6۔ کامیاب بولی دہندہ جنرل بس سٹینڈ کے تمام پانی و بجلی کے بل ادا کرنے کا پابند ہوگا۔

7۔ کنٹونمنٹ بورڈ سیالکوٹ کے نادہندگان بولی میں حصہ لینے کے مجاز نہ ہونگے

8۔ کامیاب بولی دہندہ کو اپنی بولی کا مجوزہ انکم ٹیکس حکومت پاکستان / ایف بی آر / حکومت پنجاب کے قوانین کے تحت جمع کروانا ہوگا۔

9۔ کامیاب بولی دہندہ مجاز اتھارٹی کی منظوری ہونے کے بعد 15 یوم کے اندر دفتر ہذا سے تحریری معاہدہ کرنے کا پابند ہوگا۔

10۔ جنرل بس سٹینڈ میں صفائی ستھرائی رکھنے کی ذمہ ٹھیکیدار کی ہوگی۔

11۔ انتظار گاہ میں ٹھنڈا پانی رکھنے کی ذمہ داری ٹھیکیدار کی ہوگی۔

12۔ وصولی اڈا فیس کے لیے باقائدہ کاؤنٹر مختص کرنا اور رسید کا اجراء ٹھیکیدار کی ذمہ داری ہوگی۔ اور ٹھیکیدار رسیدات کا تمام ریکارڈ کنٹونمنٹ بورڈ سیالکوٹ کو ماہانہ بنیاد پر جمع کروانے کا پابند ہوگا۔

13۔ کسی بھی قسم کے تنازع کی صورت میں ڈائریکٹر ملٹری لینڈز اینڈ کنٹونمنٹس لاہور ریجن ثالث ہوگا اور اسکا فیصلہ دونوں پارٹیوں پر من وعن لاگو ہوگا۔

14۔ دیگر معلومات ٹھیکہ کنٹونمنٹ بورڈ آفس میں دفتری اوقات کار کے دوران حاصل کی جاسکتی ہیں۔ ریونیو سپرنٹنڈنٹ کنٹونمنٹ بورڈ سے ٹیلی فون نمبر 4267905 پر دفتری اوقات کار میں رابطہ کیا جاسکتا ہے۔

15۔ مجاز اتھارٹی کسی بھی بولی کو PPRA RULES کے تحت کسی بھی وجہ سے مسترد کرنے کا حق محفوظ رکھتا ہے، جس کا عذر ادارہ بتانے کا پابند نہ ہوگا اور کامیاب بولی تابع منظوری بورڈ ہوگی۔

16۔ نیلامی برطابق قواعد ضوابط بیپرا رولز 2004ء عمل میں لائی جائے گی۔

المشتہر

کنٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر

سیالکوٹ کینٹ